27 جون 2016ء

کمرشل بینک عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران بینکاری خدمات کی زیادہ سے زیادہ دستیابی یقینی بنائیں۔اسٹیٹ بینک

بینک دولت پاکستان نے عوام کی بینکاری ضروریات کا ادراک کرتے ہوئے عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران بینکاری خدمات کی مؤثر فراہمی کے لیے ذیل میں دیے گئے اقدامات کیے ہیں۔

کمرشل بینکوں کی تمام شاخیں 2 اور 9 جولائی (بروز ہفتہ) کو کھلی رہیں گی۔کمرشل بینک چوبیس گھنٹے اے ٹی ایم خدمات کی باقاعدگی سے دستیابی یقینی بنائیں گے۔اے ٹی ایمز پر نقد رقوم کی دستیابی اور جلد فراہمی کے لیے بینک متعلقہ اے ٹی ایم فیڈنگ برانچوں پر کرنسی کے اسٹاک کے لیے مناسب انتظامات کریں گے۔کمرشل بینک اے ٹی ایمز کی خرابی یا کرنسی نوٹوں کی قلت سے متعلق شکایات کے فوری ازالے کے لیے فوکل پرسن کے رابطہ نمبروں سے عوام کو آگاہ کریں گے۔

اسٹیٹ بینک ہمیشہ عوام کو بینکاری خدمات کی مؤثر فراہمی کے لیے کوشاں رہا ہے۔

****